# مطالعاتی راہنما

## (STUDY GUIDE)

## پاکستانی زبانیں وادب (II)

کورس کوڈ: 4658 یونٹ: 1 تا 9

## کورس کی تشکیل:Structure of the Course

پاکستانی زبانیں وادب(1) تین کریڈٹ گھنٹے Three Credit Hours پر مشتمل کورس ہے کورس کیلئے ایک ریڈر reader تشکیل دی گئی ہے جو کہ 9 یونٹ پر مشتمل ہے ہر یونٹ میں موجود درسی مواد مختلف کتابوں سے منتخب کیا گیا ہے۔ یونٹ کے آخر میں حوالہ جات کے نام سے کتابوں کی ایک فہرست درج ہے، یہ ان کتابوں کے نام ہیں جن سے یونٹ کا مواد لیا گیا ہے، آپ چاہیں تو ان کتابوں کا مطالعہ کر کے اپنی معلومات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

آپ کی مزید راہنمائی کے لیے مقرر کردہ مطالعاتی مراکز میں مہینے میں دوبار مطالعاتی اجتماعات (Tutorials) کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جہاں تک ممکن ہو ان اجتماعات میں شرکت کریں تا کہ مسائل کے حل کیلئے نہ صرف استاد سے راہنمائی ملے بلکہ ہم جماعت ساتھیوں سے تبادلہ خیال بھی کر سکیں۔ مطالعاتی مراکز میں جانے سے پہلے اپنے مطالعاتی مواد کا مطالعہ کر لیں تا کہ استاد اور ہم جماعتوں سے بات چیت کر کے اپنے مسائل حل کر سکیں۔

## 2:۔ جانچ پڑتال (Assessment)

کورس میں رجسٹرڈ ہر طالب علم کی Assessment دو طریقوں سے کی جاتی ہے، امتحانی مشقیں اور آخری امتحان۔

### امتحانی مشقیں:

جانچ پڑتال کا یہ ایک مسلسل عمل ہے۔ اس کورس کے لیے آپ کو دو مشقیں حل کرنا ہونگی۔ یہ ایک تحریری مشق ہے جو آپ اپنے طور پر کتاب کی مدد سے گھر میں کریں گے۔ مشقیں جمع کروانے کا شیڈول آپ کو کتابوں کے ساتھ ہی مل گیا ہوگا جب کہ مطالعاتی مرکز اور استاد کا پتہ چند دنوں کے بعد خط کے ذریعے دیا جاتا ہے۔ آپ مشقیں حل کر کے مقررہ تاریخ تک استاد کے پاس جمع کروائیں ۔استاد مشقیں جانچ کر نمبر اور ضروری ہدایات کے ساتھ آپ کو واپس کر دیں گے۔ مشقوں میں پاس ہونے کے لیے کم از کم 40 فی صد نمبر حاصل کرنا لازمی ہیں۔

نوٹ:۔ ہر طالب علم کو مطالعاتی مرکز اور استاد کے بارے میں ایک خط ذریعے سمسٹر کے آغاز میں آگاہ کر دیا جاتا ہے اگر آپ کو یہ معلومات نہیں ملیں تو اپنے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔

### آخری امتحان

کورس کے خاتمے پر امتحانی مرکز میں امتحان لیا جاتا ہے جبکہ اس سے پہلے رول نمبر سلپ اور امتحانی پروگرام آپ کو بھیج دیا جاتا ہے۔ آخری امتحان میں بھی کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔ کورس میں کامیاب ہونے کے لیے امتحانی مشقوں اور آخری امتحان، دونوں میں پاس ہونا لازمی ہے۔

کامیابی کے گریڈ اور فی صد نمبروں کی تفصیل کچھ اس طرح ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| D | 49% | سے | 40% |
| C | 59% | | 50% |
| B | 69% | | 60% |
| A | 79% | | 70% |
| A+ | اوپر | سے | 80% |

## :WORKSHOP

ہر سمسٹر کے آخر میں امتحان سے پہلے ورکشاپ منعقد کی جاتی ہے جس کی اطلاع کچھ دن پہلے ایک خط کے ذریعے دی جاتی ہے ورکشاپ کے دورانیہ دو سے تین دن ہوگا جس کے دوران مضمون کے ماہرین سے با قاعدہ لیکچر سننے کا موقعہ ملے گا۔ ورکشاپ میں حاضری لازمی ہے ورنہ طلبہ کو کورس میں کامیاب نہیں مانا جائیگا۔ پاکستانی زبانیں وادب کی ورکشاپ اپریل میں ہوتی ہے۔

# COURSE OUT LINE

## کورس کا تعارف

پاکستان میں کئی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ان تمام زبانوں کا اپنا ادب، الگ گیت اور کہانیاں ہیں، جن سے نہ صرف لوگوں کے جذبات واحساسات ظاہر ہوتے ہیں بلکہ اس علاقے کی معاشرتی زندگی، رسم ورواج اور رہن سہن کی عکاسی بھی ہوتی ہے۔ اردو، سندھی، بلوچی، پشتو، پنجابی، سرائیکی، براھوی اور کشمیری زبان کا ادب اگرچہ مختلف خطوں میں پروان چڑھا اور بظاہر ایک دوسرے سے مختلف دکھائی دیتا ہے لیکن باطن میں ایک دوسرے کے قریب اور یک رنگ ہے۔ تنوع کے باوجود ان میں ہم آہنگی ہے۔ اس ہم آہنگی کا حوالہ اجتماعی تاریخی روایات اور روحانی واخلاقی قدروں کا ایک ہونا ہے۔ یہی وہ حوالہ ہے جو پاکستان کے تمام علاقوں میں بسنے والوں کو جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کا محافظ بناتا ہے۔

## کورس کے مقاصد

- ☆ طلبہ کو پاکستانی زبانوں کے آغاز وارتقاء سے روشناس کرانا۔
- ☆ پاکستان کی تمام زبانوں کے ادب میں فکر ونظر کی وحدت وہم آہنگی اور شناسائی پیدا کرنا تاکہ قومی یکجہتی کو فروغ حاصل ہو۔

ہمیں امید ہے کہ اس کورس کے مطالعہ کے بعد طلبہ تمام پاکستانی زبانوں کے مزاج اور میلانات سے واقف ہوسکیں گے۔

## یونٹوں کی فہرست:

| | |
|---|---|
| یونٹ نمبر1۔ | پشتو زبان اور ادب (I) |
| یونٹ نمبر2۔ | پشتو زبان اور ادب (II) |
| یونٹ نمبر3۔ | پنجابی زبان کا شعری ادب |
| یونٹ نمبر4۔ | پنجابی زبان کا نثری ادب |
| یونٹ نمبر5۔ | سرائیکی زبان و ادب |
| یونٹ نمبر6۔ | کشمیری زبان و ادب |
| یونٹ نمبر7۔ | بلتی زبان و ادب اور بروشکی زبان و ادب |
| یونٹ نمبر8۔ | شنا زبان و ادب |
| یونٹ نمبر9۔ | کھوار زبان و ادب |

## مجوزہ کتب:

1۔ریڈر پاکستانی زبانیں و ادب (II)

2۔ پشتو زبان و ادب کی مختصر تاریخ

عبداللہ جان عابد

3۔ پنجابی زبان و ادب کی مختصر تاریخ ڈاکٹر حمید اللہ ہاشمی

مقتدرہ قومی زبان پاکستان

4۔سرائیکی زبان و ادب کی مختصر تاریخ

مقتدرہ قومی زبان پاکستان

5۔شمالی علاقہ جات کا ادبی جائزہ

سید عالم

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ مطالعہ پاکستان)

## وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که:

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم هو سکتے هیں خواه اس کا علم کسی بھی مرحله پر هو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی زبانیں و ادب -II (4658)
سمسٹر: خزاں 2013

سطح: ایم ایس سی
کل نمبر: 100

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

سوال نمبر 1: پنجابی زبان میں شاعری کی ارتقاء پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: پنجابی زبان میں افسانہ نگاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نیز پنجابی میں کہانی کے بدلتے ہوئے رجحانات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3: پشتو زبان کے جدید نثری اور شعری ادب کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: پشتو زبان کے ابتدائی ادب کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ نیز پشتو کلاسیکی شاعری کی خصوصیات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: پنجابی زبان کے صوفی شعراء کے بارے میں نوٹ تحریر کریں۔ (20)

کورس: پاکستانی زبانیں و ادب-II (4658) — سمسٹر: خزاں 2013

سطح: ایم ایس سی — کل نمبر: 100

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

سوال نمبر 1: سرائیکی زبان میں افسانوی ادب کے ارتقاء پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: کشمیری زبان و ادب کے ارتقائی مراحل کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 3: بلتی زبان و ادب کس طرح کے اثرات سے متاثر ہوا؟ نیز بلتی شاعری کی خصوصیات تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: بروشکی اور شنا زبان کے لوک ادب پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: کشمیری زبان کے آغاز و ارتقاء اور شاعری کے مختلف ادوار پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)